پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اتر پردیش، لکھنؤ

22/12/2021

وزیر اعلیٰ نے سابق وزیر اعلیٰ جناب اکھلیش یادو کی زوجہ اور ان کی بیٹی کے کورونا پازیٹو ہونے کی خبر کو علم میں لیا، ان سے فون پر بات بھی کی

لکھنؤ: 22، دسمبر 2021

اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے سابق وزیر اعلیٰ جناب اکھلیش یادو کی اہلیہ سابق رکن پارلیمنٹ محترمہ ڈمپل یادو، اور ان کی بیٹی کے کورونا پازیٹو ہونے کی خبر کا نوٹس لیتے ہوئے، جناب یادو سے فون پر بات کی۔ جناب یادو سے ان کے کنبہ کی صحت کے بارے میں معلومات حاصل کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کنبہ کے افراد کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆